

نبی ؐکریم پر کثرت سے درود بھیجنے کی تلقین

حافظ پیر شبیر احمد صدر جمعیۃ علما تلنگانہ وآندھراپردیش کا صحافتی بیان

حیدرآباد، 24 / جون ۔ (ایس این بی) حضرت مولانا حافظ پیر شبیر احمد صدر جمعیۃ علما تلنگانہ وآندھراپردیش نے اپنے صحافتی بیان میں کہا کہ اللہ کے رسولؐ نے اس مسلمان پر لعنت اور بربادی افرمایا جو آپ کے کانام باکسی کر بھی آپ کے پر درود نہ ہے۔ ایک اور روایت میں کہ جب جب آپ آپؐ کے نے دوسرے درجہ درجہ پر پر قدم رکھا تو جبرئیل علیہ سلام نے کہا ہلاک ہوجائے وہ شخص جسکے سامنے آپ کا ذکر مبارک آئے اور وہ درود نہ بھیجے، آپؐ نے آمین کہا۔ انہوں نے کہ آپؐ پر دور کا پڑھنا کتنا اہم ہے ذرہ غور کریں۔ مولانا حافظ پیر شبیر احمد صدر جمعیۃ علما تلنگانہ وآندھراپردیش نے اپنے صحافتی بیان میں آگے کہا کہ، حق تعالی شانہ نے قرآن کریم میں بہت سے احکامات ارشاد فرمائے نماز کا حکمفرمایا، روزہ کا حکم فرمایا ریج وغیرہ کا حکم فرمایا، اور بہت سے انبیاء کرام کی توصیف اور تعریفیں بھی فرمائیں، اسکے بہت سے اعزاز دا کرام بھی فرمائے۔ حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو فرشتوں کو حکم ن میں یک کسی حکم پا کی اعزاز واکرام میں یہ فرمایا کہ میں بھی یہ کام کرتا ہوں تم بھی کرو۔ یہ اعزاز صرف اور صرف سید الکونین فخر دو عالم کیلئے ہے کہ اللہ جل جلالہ نے صلوۃ کی نسبت اول اپنی طرف اسکے بعد اپنے پاک فرشتوں کی طرف کرنے کے بعد مسلمانوں کو حل فرمایا کہ الہ اور اسکے فرشتے درود بھیجے ہیں اسے مومنوں تم بھی درود اس سے بڑھکر اور کیا فضیلت ہوگی کہ اس عمل میں اللہ اور اسکے فرشتوں کیساتھ مومنین کی شرکت ہے۔ ایک دفعہ جو حضورؐ پر درود پڑھتا ہے اللہ تعاا ہے اللہ تعالی کی طرف سے اس پردیس پر درود پڑھنے کا معمول بنائیں گے تو ہاری ہر مشکل حل ہوجائے گلتی استان کتاب کا رحمتیں نازل ہوتی ہیں، اس سے بڑھ کر اور کیا فضیلت درود شریف کی ہوگی کہ اسکے ایک وفعہ درود ہے پڑھنے سے اللہ جل شان کی طرف سے دس دفعہ میں نازل ہوں۔ کتنے خوش قسمت ہیں ہمارے دوہ اکابر و بزرگان دین و اولیا اللہ جن کے معمولات میں روزآنہ سوسولا لاکھ درود پڑھنے کا مع معمول ہوں کہا۔ حضرت ابوطلحہ انصاری کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضورؐ بہت ہی بشاش تشریف باغ لائے چہرا انور پر بہت ہی بشاشت کے اثرات تھے، لوگوں نے عرض کیا یا رسولؐ آپکے چہرہ انور پر آج بہت ہی بشاشت ظاہر ہورہی ہے، حضورؐ نے فرمایا صحیح ہے، میرے پاس رب کا پیغام آیا ہے جس میں اللہ جل شانہ نے یوں فرمایا ہے کہ تیری اُمت میں سے جو شخص ایک دفعہ درود بھیجے گا اللہ جل شانہ اس کیلئے دس نیکیاں لکھے گا اور دس سیئات اس سے مٹائے گا اوراس کے دس درجے بلند کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ آپؐ پر درود بھنے کا زیادہ فائدہ خود بیچنے والے کو ہوتا ہے، ایک تو نہیں ہے میں نہیں عقیدہ صحیح ہوتا ہے، دوسرے نیت میں اخلاص پیدا ہوتا ہے، تیسرے طاعات یعنی نیک کاموں پر ہی مداومت نصیب ہوتی ہے اور رسولؐ اللہ کی عظمت محبت رائج ہوتی ہے۔ اگر دعا میں آپ کے پر درود نہ پڑھا جائے تو وہ دعاء بندے اور اللہ کے درمیان حجاب بن جاتی ہے۔ آپ آپ کے ہم پر بھیجو بے شمار احسانات ہے پھر بھی ہم آپؐ پر اگر دردنہ پڑھے تو بخل اور بڑی بے مروتی کی بات ہے۔ ہر مسلمان کو چاہئے کہ روزآنہ زیادہ سے زیادہ آپ کے پر درود بیجے۔ اگر ہم روزآنہ آپؐ پر درود پڑھنے کا معمول بنائیں گے تو ہماری ہر مشکل حل ہوجائیگی۔

حضرت عثمان غنیؓ، اتحاد واتفاق وایثار قربانی کے پیکر

مفکر اسلام مولانا مفتی خلیل احمد کی سرپرستی ہفتہ روزہ جلسوں کا انعقاد

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) جوں بعثت نبوی کے ساری دنیا میں خصوصاً سرزمین عرب کی بے راہ روی کی شکار انسانیت میں انقلاب برپا کردیا اور شب کی تاریکیوں سے لاتعداد ستارے چمکتے ظاہر ہوئے جن میں ایک ذات کامل حیاء، جامع قرآن ذوالنورین حضرت سیدنا عثمان بن عفان خلیفہ سوم امیر المومنین عشرہ مبشرہ بھی ہیں۔ مرکزی انجمن سیف الاسلام کے زیر اہتمام ہر سال کی طرح ہفتہ روز جلسوں کا اہتمام مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی خلیل احمد انوار اللہی شیخ الجامعہ نظامیہ کی سرپرستی میں منائے جارہے ہیں۔ افتتاحی جلسہ مسجد تیغ جنگ دارالعلوم سیف الاسلام خلوت میں یکشنبہ بعد مغرب منعقد ہے جس کی نگرانی صدر انجمن مولانا ابوعثمان عرفان اللہ شاہ نوری انیس ملت ہے۔ قرأت کلام پاک کے بعد حافظ قادر علی عرفانی نے مدح رسول پاکؐ پیش کی انیس ملت نے کہا کہ سیدنا عثمانؓ جود وسخا کے باب میں بے اختیار تھے۔ شرم وحیاء کے ایسے پیکر کہ فرشتے آسمانی بھی حیا کرتے تھے۔ آپ عشرہ مبشرہ دس کے خصوصی جنتی اصحاب میں شامل ہیں شہید ہیں جنت البقیع کا نام آپ ہی کا مرہون منت ہے۔ عقائد اسلام میں شیخین یعنی سیدنا ابوبکر اور سیدنا عمرؓ کو فضیلت دینا اور سیدنا عثمان اور سیدنا علیؓ داماداں رسولؐ سے سچی محبت داخل ہے اس جلسہ میں مولانا حافظ شاہ سلمان سہروردی نقیب اہل سنت استاذ جامعہ نظامیہ، حافظ سید افضل شاہ عرفانی نوری بانی مدرسہ، بیت العلوم عرفانیہ، ونکٹہ نگر، حافظ قاری محمد محبوب عرفانی نے شرکت کی ڈاکٹر شاہ محمد غوث عرفانی نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ نئی نسل کو اسلاف کے کارناموں اور سیرت سے واقف کروانا اہم ترین ضرورت ہے۔ آخر ذکر الٰہی کے حلقہ اور خصوصی دعا وسلام پر جلسہ کا اختتام ہوگا۔

نوریہ عربیہ اورینٹل ہائی اسکول

بنڈلہ گوڑہ میں داخلوں کا آغاز

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) نوریہ عربیہ اورینٹل ہائی اسکول (اردو میڈیم) نوری مسکن بنڈلہ گوڑہ میں اردو اور انگلش میڈیم میں داخلو کا آغاز ہوچکا ہے۔ اور مفت داخلے جاری ہیں کوئی ڈونیشن نہیں ہے، کمپیوٹر، دینیات، اسلامیات پر توجہ ہوگی ڈاکٹر سید محمد ناصر الدین جیلانی کی نگرانی میں چل رہی ہے۔ مزید معلومات 9989940079 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

تجارتی ادارے رات جلد بند کرنے کی ہدایت کا خیر مقدم:

مولانا محمد زعیم الدین حسامی

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) معتمد سراج العلماء اکیڈیمی مولانا محمد زعیم الدین حسامی نے چیف منسٹر تلنگانہ جناب ریونت ریڈی کے فیصلہ رات جلد یعنی 10:30 بجے تجارتی مراکز کو بند کردینے کی ہدایت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ چیف منسٹر صاحب نے بہت اہم فیصلہ لیا ہے۔ جس پر ہر خیرو بھلائی اور اصلاحی معاشرے تنظیموں کی جانب سے اظہار تشکر ہے۔ شہر میں بڑھتے ہوئے جرائم کے روک تھام میں بھی یہ فیصلہ کافی مدد کار ثابت ہوگا۔ مولانا حسامی نے چیف منسٹر صاحب سے اپیل کی ہیکہ وہ اس فیصلہ پر پابند رہتے ہوئے اس پر مکمل عمل کی ہدایت جاری فرمائیں۔ مولانا حسامی نے کہا کہ اس فیصلہ کو دیگر ریاستوں کے لئے بھی مثالی نمونہ بنایا جاسکتا ہے۔ اُمید ہیکہ اس سے ہمارے شہر کے بگڑتے ہوئے حالات بہت تیزی سے پر امن ثابت ہوں گے ۔آئے دن بے روزگار نوجوان رات دیر تک سڑکوں پر فضول وقت برباد کرتے ہوئے ماحول کو خراب کرتے دیکھے جارہے ہیں ۔اس سے ایک تو معاشرہ میں برائی بڑھتی دیکھی جارہی ہے تو دوسری طرف صحت پر بھی اس کا بہت بُرا اثر ہورہا ہے۔

سالانہ محفل منقبت حضرت سیدنا عثمان غنیؓ

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) مرکزی بزم میلا النبی کے زیر اہتمام بسلسلہ شہادت امیر المومنین حضرت سیدنا عثمان غنیؓ محفل منقبت کا 27 / جون بروز جمعرات بعد نماز مغرب تا 10 بجے شب مسجد حضرت مولوی محمد زماں خانصاحب شہیدؒ روپ لال بازار میں مقرر ہے جس کی نگرانی سید شاہ احمد علی تاجی شرفی القادری فرمائینگے۔ بعد ازاں شعراء ونعت خواں حضرات مناقب حضرت سیدنا عثمان غنیؓ پیش کرینکی سعادت حاصل کرینگے۔ باذوق سامعین ونعت خواں حضرات سے پابندی وقت شرکت کی گذارش کی جاتی ہے۔

انجمن سیف الاسلام کا چوتھا جلسہ شہادت سیدنا عثمان غنیؓ

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) مرکزی انجمن سیف الاسلام کا سالانہ جلسہ شہادت سید نا عثمان غنی ذوالنورینؓ کے ضمن میں جامع مسجد سالار جنگ (حسنین کریمین) کاماٹی پورہ نزد کمیلہ، زیرنگرانی حضرت انیس ملت مقرر ہے۔ یہ چوتھا اجلاس 28 / جون بروز جمعہ بعد نماز عصر ہوگا۔ مولانا حافظ عبدالقدیر نقشبندی کامل جامعہ نظامیہ کا بیان ہوگا۔ الحاج محمد جہانگیر قادری صدر کمیٹی مسجد کے بموجب 19 / ذی الحجہ بروز چہارشنبہ بعد عشاء محفل نعت ومنقبت مقرر ہے۔

آج جلسہ شہادت سیدنا عثمان غنیؓ خلیفہ سوم

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) سالانہ جلسہ شہادت امیر المومنین خلیفہ سوم ذوالنورین حضرت سیدنا عثمان غنیؓ مرکزی انجمن سیف الاسلام کے زیر اہتمام بتاریخ 25 / جون بروز منگل بعد عصر مسجد حسنین دارالعلوم بغدادیہ نظامیہ حسن نگر زیرنگرانی انیس ملت مقرر ہے طلبہ وطالبات کا پروگرام ہوگا مولانا حافظ عمر نقشبندی صدر مدرس دارالعلوم بغداد نظامیہ، امام حسنین صدارت کرینگے، علماء کرام تذکرہ شہادت سیدنا عثمان غنیؓ بیان کریں گے۔

آج جلسہ شہادت سیدنا عثمان غنیؓ خلیفہ سوم

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) مدرسہ بیت العلوم عرفانیہ ونکٹہ پورم شاہین نگر میں ۱۸ / ذی الحجہ بروز منگل بعد مغرب زیر صدارت انیس ملت، طالبات وطلبہ کے تقاریر ہونگے۔ مولانا حافظ وقاری محمد سلمان عرفانی مخاطب کریں گے۔ شرکت کی خواہش کی گئی ہے۔

آج جلسہ شہادت حضرت سیدنا عثمان غنیؓ برائے خواتین

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) دختران ملت کی اسلامی واقامتی یونیورسٹی جامعۃ المؤمنات مغلپورہ میں جلسہ شہادت حضرت سیدنا عثمان غنیؓ برائے خواتین بتاریخ 25 / جون بروز منگل 8.30 بجے صبح ڈاکٹر مفتیہ حافظہ رضوانہ زرین پرنسپل وشیخ الحدیث جامعۃ المؤمنات کی صدارت میں مقرر ہے۔ قبل جلسہ طالبات جامعۃ المؤمنات قرآن خوانی وقصیدہ شریف کی تلاوت کریں گیں۔ خواتین وطالبات سے شرکت کی خواہش کی جاتی ہے۔

آج مدرسہ شاہ جیلانؒ میں جشن اعلان ولایت مولائے کائنات

حیدرآباد، 24 / جون (راست) حسب عمل درآمد قدیم 18 / ذی الحجہ مطابق 25 / جون بروز منگل مدرسہ شاہ جیلانؒ میں جشن اعلان ولایت مولائے کائنات مقرر ہے۔ حافظ محمد ذاکر محی الدین القادری نگرانی کریں گے پروگرام کے مطابق بعد نماز عصر فاتحہ وبعد مغرب محفل رفاعی فقراء مع فربات منعقد ہوگا۔ مہمانان خصوصی میں حضرت مولانا حافظ مظفر حسین خان بندہ نوازؒ خواجہ شجاع الدین افتخاری حقانی پاشاہ، سید شاہ عمران حسینی القادری سید شاہ سرفراز اللہ حسینی، سید شاہ عبید اللہ حسینی، حافظ محمد شمس الدین نظامی، حافظ محمد زین محی الدین القادری ہونگے۔ تمام عاشقان اہلبیت سے گذارش کی جاتی ہیکہ شرکت فرما کر ثواب دارین حاصل کریں۔ مزید معلومات فون نمبر 885772262 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

آج جلسہ فیضان حضرت عثمان غنیؓ

حیدرآباد، 24 / جون (راست) انجمن صوفیہ چشتیہ ابوالعلائیہ کے زیر اہتمام جلسہ فیضان حضرت عثمان غنیؓ بعد نماز عشاء بتاریخ 18 / ذی الحجہ مطابق 25 / جون بروز منگل بمقام مسجد حضرت صوفی ریاضت علیؒ وادی مصطفیٰ، جل پلی میں مقرر ہے۔ حضرت مولانا صوفی شاہ ہاروں چشتی ابوالعلائی نگرانی کریں گے۔ جلسہ کا آغاز کلام پاک سے شروع ہوکر حمد باری تعالیٰ پھر نعت شریف طلباء مدرسہ ریاضت یسین کریم ومدرسہ نوراچشتیہ الہارونی اور دیگر حضرت پیش کرینگے۔ حافظ شیخ فیروز قادری کی نعت ہوگی بعد سلام دعاء کے ساتھ جلسہ کا اختتام ہوگا۔ عقیدت مندان سح شرکت کی خواہش کی جاتی ہے۔

حاجی محمد ظہیر الحسن اسد کا مکہ مکرمہ میں انتقال

حیدرآباد، 24 / جون (راست) حاجی محمد ظہیر الحسن اسد ولد محمد حسن بعمر 73 برس ساکن تالاب کٹہ کو نمبر TSR-1220-2-0 ہے حاجی محمد ظہیر الحسن اسد صاحب اپنی اہلیہ صالح بیگم کے ہمراہ 25 / مئی کو شمس آباد ائرپورٹ سے مدینہ منورہ کیلئے حج کی سعادت حاصل کرنے کیلئے روانہ ہوئے تھے۔ طبیعت کی ناسازی کی وجہ سے انہیں 16 / جون کو مکہ سنٹر ہاسپٹل مکہ مکرمہ میں شریک کروایا گیا تھا۔ دوران علاج پیر 24 / جون کو انتقال کرگئے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن
GHMC
EE-Div-16/EE/Divn.16/(SBZ)/GHMC
NIT No. : 09 / Cir-16/Engg-Div-16/SBZ/GHMC/2024 Dt : 24-06-2024
کام کا نام: سلسلہ ایک تا 3 کیلئے عنبرپیٹ سرکل۔ 16، سکندرآباد زون، جی ایچ ایم سی میں سیول ورکس۔ ٹنڈر کی جملہ رقم 104.50 لاکھ۔ تاریخ آغاز 22-06-2024، شام 5:00 بجے سے۔ رسید اخذ کرنے کی قطعی تاریخ ووقت 25-06-2024، 4:30 بجے شام تک۔ سری بی ۔وی۔ ایس۔ راجو، اگزیکیٹو انجینئر، ڈویژن 16، سرکل۔ 16، عنبرپیٹ، سکندرآباد زون، جی ایچ ایم سی۔ سیل: 6309920591, 6309919062۔ متعلقہ اگزیکیٹو انجینئر کا پتہ: ڈویژن۔ 16، ایس بی زیڈ، جی ایچ ایم سی، عابڈس، گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن۔ مزید تفصیلات ای پروکیورمنٹ ویب سائیٹ www.tender.telangana.gov.in پر ملاحظہ کریں۔
اگزیکیٹو انجینئر، ڈویژن۔ 16، ایس بی زیڈ، جی ایچ ایم سی
R.O.No.1073-PP/CL/ADVT/1/2024-25

محفل نعت پاکؐ

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) خواجہ صوفی ہارون ایجوکیشن سوسائٹی کے زیر اہتمام محفل نعت پاک ومنقبت بعد نماز عصر ہوگی۔ بتاریخ 21 / ذی الحجہ مطابق 28 / جون بروز جمعہ بمقام صوفی محفل جل پلی میں مقرر ہے۔ محفل کا آغاز تلاوت کلام پاک حافظ شیخ فیروز قادری سے شروع ہوکر حمد وباری تعالیٰ پھر نعت پاک ومنقبت طلباء مدرسہ نورا چشتیہ ہارونی پڑھیں گے۔ مولانا صوفی ہارون چشتی ابوالعلائی خلیفہ عزیز حضرت صوفیف شاہ محمد ریاضت علی چشتی ابوالعلائیؒ نگرانی کریں گے باذوق طلبہ وطالبات سے شرکت کی گذارش کی جاتی ہے۔

آج ماہانہ محفل نعت پاکؐ

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) ماہانہ محفل نعت پاکؐ 18 ذی الحجہ مطابق 25 جون بروز منگل کو بعد عشاء روشن منزل علی نگر بیرون علی آباد میں مقرر ہے داعی محفل محمد عباس نقشبندی نے نعت خواں حضرات واہل ذوق اصحاب سے شرکت کی اپیل کی ہے مزید معلومات 9885087105 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

آج جشن پیرؒ

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) حیدرآباد، 27 / اپریل (راست) ماہانہ جشن پیرؒ 25 / جون کو بعد نماز عشاء قیام گاہ پیر سید ابراہیم شاہ قادری خلیل واقع نزد چھوٹی مسجد مراد نگر میں مقرر ہے۔ جس میں محفل سماع ہوگی، پیر سید ابراہیم شاہ قادری خلیل نگرانی کریں گے۔

دارالقضاء جامعۃ المؤمنات کا آج اجلاس

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) دارالقضاء جامعۃ المؤمنات کا ہفتہ واری اجلاس جامعۃ المؤمنات مغلپورہ میں 25 / جون، بروز منگل 5 / تا 9 / بجے شام ڈاکٹر مفتی حافظ محمد مستان علی قادری بانی وناظم اعلیٰ کی صدارت میں مقرر ہے۔ اس اجلاس میں مسلمانوں کے آپسی تنازعات تقسیم میراث، نکاح، طلاق، خلع، نفقہ جیسے اہم مسائل کے فیصلے کئے جاتے ہیں، عامۃ المسلمین سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے دارالقضاء جامعۃ المؤمنات سے استفادہ کریں۔

عید غدیر کے اعمال

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) 18 / ذی الحجہ مطابق 25 / جون امام جماعت کے فرائض آغا منور علی قبلہ انجام دیں گے مسجد امام جعفر صادق یاقوت پورہ میں عید غدیر کے اعمال دن میں گیارہ بجے شروع ہونگے۔ بعد نماز ظہرین جشن غدیر ہوگا۔

المدرسہ الشرفیہ تحفیظ القرآن الکریم کے

طالب علم کی تکمیل حفظ القرآن پر تہنیت

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) حافظ وقاری محمد بابا شرف الدین حسامی صدر آل انڈیا مجلس دعوۃ القرآن ومہتمم مدرسہ شرفیہ (اہلسنت والجماعت) کے بموجب حافظ وقاری محمد عبداللہ فیض ولد ڈاکٹر ایم اے نعیم نے تکمیل حفظ القرآن کی سعادت حاصل کی۔ الحمداللہ اس موقع پر حافظ کے والد جناب ڈاکٹر ایم اے نعیم، رین بازار میں واقعہ مدرسہ ہذا پہنچ کر گلپوشی کی جن میں قابل ذکر حافظ وقاری محمد باباشرف الدین حسامی مہتمم مدرسہ ہذا، ناظم استاذ عالمی شہرت یافتہ حافظ وقاری محمد بابامحی الدین قریش حسامی (گولڈ میڈلسٹ) اس موقعہ پر محمد شہاب الدین، حافظ وقاری محمد بابا محی الدین قریش حسامی جنرل سکریٹری آل انڈیا مجلس دعوۃ القرآن ودیگر طلباء کی کثیر تعداد موجود تھی۔ مزید ترقی کے لئے طالب علم کو اپنی قیمتی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

نماز عید غدیر

حیدرآباد، 24 / جون (راست) سید دلاور حسین ابن سید خورشید حسین مرحوم کے فرزندان کی جانب سے نماز عید غدیر 25 / جون بوقت 10:30 بجے دن بمقام عاشور خانہ قدیم چھلہ مولاعلی انتائے پلی سیوار تارہ متی پیٹ منڈل عبداللہ پور میٹ ضلع رنگاریڈی میں نماز عید غدیر ہوگی۔ امام جماعت کے فرائض حجۃ اسلام مولانا مرزا عسکری علی خان قبلہ انجام دیں گے۔ بعد نماز جشن عید غدیر منعقد ہوگا جس کو مولانا علی مرتضیٰ بیان کریں گے۔ اور مدعو شعراء کرام منظوم نذرانہ عقیدت پیش کریں گے۔ اور مومنین کیلئے آمد ورفت کیلئے سواری کا انتظام 8:30 بجے دن سے علی روڈ حیدر ہوٹل یاقوت پورہ سے کیا گیا ہے۔ سید کبیر حسین، سید کیف حسین نے تمام مومنین سے گذارش کی ہے کہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت فرمائیں۔

جشن غدیر

حیدرآباد، 24 / جون (راست) سید کبیر حسین، سید کیف حسین کی جانب سے جشن غدیر بتاریخ 18 / ذی الحجہ بوقت 12:30 بجے دن بمکان آقا محمد علی صبوری نور خانہ بازار میں جشن مقرر ہے جس میں مولانا ڈاکٹر سید نثار حسین حیدر آقا قبلہ رکن شیعہ وقف بورڈ بیان کریں گے اور سید حسین رضوی، سید کبیر حسین، سید کیف حسین، سید زاہر علی، قصیدہ خوانی کریں گے سید دلاور حسین شیعہ قاہرہ نے تمام مومنین سے شرکت کی خواہش کی ہے۔

کل ہند شیعہ یوتھ فیڈریشن

کی جانب سے مرکزی جشن عید غدیر

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) اراکین کل ہند شیعہ یوتھ فیڈریشن کی جانب سے مرکزی جشن عید غدیر بتاریخ 25 / جون بوقت 8 بجے شام بمقام عاشورخانہ حسین ابن علی سلطان پورہ نور خانہ بازار میں مرکزی جشن مقرر ہے جس کی صدارت سید عباس آقا اور سید اسد حسین عابدی قبلہ کریں نگے۔ اس جشن کو صدر کل ہند شیعہ یوتھ فیڈریشن مولانا سید علی آقا باقری خطاب کرینگے۔ اور قصیدہ خواں حضرت سید احمد حسین، سید عابد حسین کریں گے اور شعرائے کرام ندرانہ عقدت پیش کرینگے۔ سید حسین علی نظامت کے فرائض انجام دیں نگے۔

شادی

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) الحاج سید منور علی قادری کے فرزند سید مکرم علی کی شادی الحاج حافظ وقاری محمد مزمل پاشاہ امام جامع مسجد چندہ بی بی عثمان باغ کی دختر کیساتھ 21 / جون کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد حکیم میر وزیر علی فتح دروازہ میں انجام پائی استقبالیہ کنگ پرائڈس فنکشن ہال، کنگ کالونی، شاستری پورم روڈ میں دیا گیا۔ انیس ملت مولانا عرفان اللہ شاہ نوری صدر مرکزی انجمن سیف الاسلام نے خطبہ نکاح پڑھا، محفل عقد واستقبالیہ میں مہمانوں کی کثیر تعداد شریک تھی۔ الحاج سید شکیل علی الحاج سید منصور علی، الحاج سید اکرم علی، الحاج سید مظفر علی، سید عظمت علی نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔

انتقال

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) محترمہ مہر النساء زوجہ جناب سید فاروق شاہ موظف ممتاز کالج ملک پیٹ ساکن کمان شیخ فیض یاقوت پورہ کا پیر 24 / جون 2024ء کو انتقال ہوگیا نماز جنازہ بعد نماز عصر مسجد حاجی لعل محمد صاحب کمان شیخ فیض یاقوت پورہ میں ادا کی گئی تدفین مسجد نقل میاں سے متصل قبرستان میں عمل میں آئی پسماندگان میں 4 فرزندان سید شاہ فصیح عرف شکیل' سید شاہ فائق عرف جمیل سوپر وائزر الصفا ڈیری' سید شاہ فضل عرف جلیل (گیلری بگ بازار عابڈس)' سید شاہ فصاحت عرف خلیل شامل ہیں مرحومہ مولانا سید محمد شاہ صاحب المعروف شاہ صاحب خطیب مسجد نقل میاں چونے کی بھٹی یاقوت پورہ کی بڑی بھاوج تھیں۔ فاتحہ سیوم منگل 25 / جون کو بعد نماز عصر مسجد حاجی لعل محمد صاحب رح یاقوت پورہ میں مقرر ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے فون 9247829911 پر یا 9848440009 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

تلنگانہ میں ڈینگو کا خطرہ: عالمی صحت تنظیم

حیدرآباد میں سخت چوکسی، مچھروں کو مارنے کیلئے بڑے پیمانہ پر اقدامات

حیدرآباد، 24 / جون۔ (ایس این بی) عالمی صحت تنظیم نے ڈینگو کے تعلق سے چوکس رہنے کا مشورہ دیا ہے اور بتایا ہے کہ تلنگانہ کو بھی کافی خطرہ لاحق ہے۔ ریاست اور بالخصوص شہر میں ڈینگو کے کیسس میں اضافہ کے پیش نظر والدین اپنے بچوں کے بارے میں فکرمند ہیں۔ لہٰذا جی ایچ ایم سی نے متعدد محکمہ جات اور مچھر کش ادویات کا چھڑکاو کرنے والے 1800 ملازمین کی ورک فورس کیساتھ ملکر جامع ایکشن پلان تیار کیا ہے اور حیدرآباد میں مچھر کش ادویات کا چھڑکاو کرنے اور گاڑیوں کے ذریعہ مچھر کش دھواں چھوڑنے کے کام میں شدت پیدا کردی ہے۔ اینٹامالوجی اور ہیلت ڈیپارٹمنٹس نے اس معاملہ سے نمٹنے کیلئے سلسلہ وار اقدامات شروع کردیئے ہیں۔ جی ایچ ایم سی کے اعلیٰ عہدیدار نے بتایا” ہم اسکولوں، ہاسٹلوں اور زیادہ خطرہ کے علاقوں جیسے خیریت آباد، ایس آر نگر اور امیر پیٹ میں میڈیکل کیمپس اور طبی تشخیص کے کیمپس کا انعقاد عمل میں لارہے ہیں۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ ان افراد کی ترجیحی طور پر نشاندہی کی جائے جن کو بخار ہے اور ڈینگو و دیگر ایسی ہی بیماریوں کی علامات ہیں اور ان کا علاج کیا جائے۔ جی ایچ ایم سی کی جانب سے گہری نظر رکھنے کے نظام پر عمل آوری کرتے ہوئے ان مقامات کا پتہ چلایا جارہا ہے جہاں پر مچھروں کی افزائش ہوتی ہے۔ جی ایچ ایم سی کے چیف اینٹامالوجیسٹ رام بابو نے بتایا” ہماری ٹیمیں 4846 کالونیوں میں گھر گھر سروے کررہی ہیں۔ سیلرس، تعمیراتی سائیٹس، فنکشن ہالس اور نشیبی علاقوں کو ٹارگٹس بنایا جارہا ہے۔

تدریسی دواخانوں کے میڈیکل اسٹاف کو بروقت تنخواہ

ڈائرکٹر طبی تعلیم کو 406.75 کروڑ روپئے جاری

حیدرآباد، 24 / جون۔ (ایس این بی) سرکاری دواخانوں کے تدریسی ارکان عملہ کو بڑی راحت پہونچاتے ہوئے ڈپٹی چیف منسٹر و وزیر فینانس ملو بھٹی وکرامارکا نے ڈائرکٹر طبی تعلیم کو 406.75 کروڑ روپے جاری کئے ہیں۔ اس رقم کو جاریہ مالیاتی سال کے دوران ڈائرکٹر طبی تعلیم کی مالی ضروریات کی تکمیل کیلئے مختص کیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ جس کو چیف منسٹر اے ریونت ریڈی اور وزیر صحت دامودر راجہ نرسمہا کی تائید حاصل ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ غریبوں اور ضرورت مند مریضوں کی خدمت کرنے والے میڈیکل اسٹاف کے ذہنی دباؤ کا خاتمہ کیا جائے۔ ملو بھٹی وکرامارکا نے کہا” ہم اس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ سینئر ریسیڈنٹ ڈاکٹرس، ٹیچنگ، میڈیکل، نرسنگ، ٹیکنیشن اور پیرا میڈیکل اسٹاف کو جنہیں تنخواہوں، مشاہرہ اور اسٹائپنڈ کی بھی ادائیگی کی جارہی ہے تنخواہ کے مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے اور انہیں بروقت تنخواہ مل جائے۔

حیدرآباد۔ وجئے واڑہ شاہراہ پر فلائی اوور کا سنگ بنیاد

ٹریفک حادثات کو روکنے کیلئے حکومت کا اقدام

حیدرآباد، 24 / جون۔ (نیوز کلب) وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے حیدرآباد۔ وجئے واڑہ شاہراہ پر چٹیال میں فلائی اوور کا سنگ بنیاد رکھا، جسکی 17 بلیک اسپاٹس میں سے ایک کے طور پر نشاندہی کی گئی ہے، جہاں اکثر حادثات پیش آتے ہیں۔ وینکٹ ریڈی نے کہا کہ فلائی اوور کے کام 325 کروڑ کی لاگت سے شروع کئے گئے ہیں تاکہ حادثات اور انسانی زندگیوں کے اتلاف کی روک تھام کی جاسکے۔ وزیر موصوف نے عہدیداروں سے بات چیت کی اور بلیک اسپاٹس کی نشاندہی، سڑکوں میں تبدیلی اور سڑکوں کو مربوط کرنے کے بارے میں جائزہ لیا تاکہ مسافرین کیلئے محفوظ سفر کو یقینی بنایا جاسکے۔ کام جاریہ سال ڈسمبر تک مکمل کرلئے جائیں گے۔

نیٹ۔ یو جی میں بے قاعدگیوں کا مقدمہ

سی بی آئی اور ای ڈی کو نوٹس سے سپریم کورٹ کا انکار

حیدرآباد، 24 / جون۔ (نیوز کلب) سپریم کورٹ نے آج کہا کہ نیٹ۔ یو جی 2024 میں بے قاعدگیوں کے مقدمہ میں جو عدالت عظمیٰ میں زیر دوراں ہے سی بی آئی اور انفورسمنٹ ڈائرکٹریٹ کو ماخوذ کرنے کی درخواست پر نوٹس جاری کرنے کی فی الفور کوئی ضرورت نہیں ہے اور ارجنٹ نوٹس کی اجرائی ضروری نہیں ہے۔ جسٹس اے ایس اوکا کی زیر قیادت ویکیشن بنچ نے سی بی آئی اور ای ڈی کو نوٹس جاری کرنے کیلئے ایڈوکیٹ میتھیو نیدمپرا کی زبانی درخواست کو قبول نہیں کیا۔ سپریم کورٹ نے مقدمہ کی تفصیلی سماعت 8 / جولائی کو مقرر کی ہے۔

گورنمنٹ نظامیہ کالج کی دوروزہ المونی تقاریب ملتوی

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) ڈاکٹر سید زین العابدین خان صدر المنی اسوسی ایشن برائے نظامیہ طبی کالج اینڈ ہاسپٹل، ڈاکٹر حیدر یمانی جنرل سکریٹری، ڈاکٹر رفیع حیدر شکیب جوائنٹ سکریٹری نے بتایا ہیکہ 86 سال کے مکمل ہونے پر گورنمنٹ نظامیہ طبی کالج کی پہلی المونی دوروزہ تقاریب جس کا انعقاد 30 جون کو ہونے والا تھا، ناگزیر وجوہات کی بناء پر ملتوی کردیا گیا ہے۔ ڈاکٹر حیدر یمانی نے بتایا کہ نئی تواریخ کا عنقریب اعلان کردیا جائیگا۔ مزید تفصیلات کیلئے صدر اسوسی ایشن المونی سے فون نمبر 9848085317 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

حیدرآباد کے ادبی رسائل کا پہلا شمارہ کی ضرورت

حیدرآباد، 24 / جون۔ (راست) حیدرآباد کے ادبی رسائل کا پہلا شمارہ پر غیر سندی ثبوتی تحقیقی کام کے لیے حیدرآباد کے ادبی رسائل کے پہلے شمارے کی ضرورت ہے ماہنامہ صباء، خاتون دکن، پیکر، ماہنامہ آندھراپردیش، پونم، گونج، تمہید نظام آباد، افق ورنگل یا کسی اور رسالے کا پہلا شمارہ ہو تو مطلع کریں یا اس کی تصویر جلد اول شمارہ اول، مشمولات فہرست مضامین اور اداریہ کی تفصیلات ڈاکٹر ناظم علی کے فون نمبر 9603018825 پر واٹس اپ پر ارسال کریں تو نوازش ہوگی ۔واضح رہیکہ ڈاکٹر ناظم علی کی چودھویں تصنیف ”حیدرآباد کے ادبی رسائل کا پہلا شمارہ“ اشاعت کے آخری مراحل میں ہے۔ جس میں حیدرآباد کے ادبی رسائل کے پہلے شماروں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

علماء مشائخ کی ڈائرکٹری کا حضرت ڈاکٹر خسرو حسینی نے رسم اجراء انجام دیا

حیدرآباد، 24 / جون۔ (پریس نوٹ) سجادہ نشین درگاہ حضرت سیدنا خواجہ بندہ نواز گیسودرازؒ روضہ بزرگ گلبرگہ شریف تقدس مآب حضرت مولانا ڈاکٹر سید شاہ گیسودراز خسرو حسینی خسرو پاشاہ نے مرکزی بزم انوار صوفیہ شاہ ولی اللّٰھی حیدرآباد کی جانب سے شائع کردہ قاضی صوفی شاہ محمد عبدالرافع صوفی پاشاہ خلف اصغر مولانا قاضی صوفی شاہ محمد عبدالقادر قادری چشتی ثانی قادر پاشاہ سجادہ نشین ونبیرہ حضرت سلطان الواعظینؒ کی مرتبہ ڈائرکٹری علماء مشائخ ودانشوران ملت اردو وانگریزی کا دیوڑی حضرت سجادہ نشین صاحب گلبرگہ شریف میں رسم اجراء انجام دیا اور اپنے تاثرات میں حضرت ڈاکٹر سید خسرو حسینی صاحب نے قاضی صوفی شاہ محمد عبدالقادر قادری چشتی ثانی اور قاضی صوفی شاہ محمد عبدالرافع صوفی پاشاہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ دور حاضر میں عوام الناس کو علماء مشائخ اور دانشوروں سے قربت حاصل کرنے کے لیے یہ ڈائرکٹری بہت اہمیت کی حامل ہے ڈائرکٹری کی اشاعت کے لیے بہت محنت و لگن اور خصوصی دلچسپی اس ڈائرکٹری میں نظر آرہی ہے ہر اہل علم اور خصوصیت کے ساتھ شیخ مشائخ کے لیے یہ ڈائرکٹری بہت کارآمد ثابت ہوگی حضرت مولانا سید شاہ علی حسینی علی پاشاہ منتخب سجادہ نشین بارگاہ بندہ نوازؒ نے بھی ڈائرکٹری کی اشاعت پر اپنی جانب سے مبارکباد پیش کی۔ مولانا قاضی صوفی شاہ محمد عبدالقادر قادری چشتی ثانی قادر پاشاہ نے کہا کہ حضرت سجادہ نشین کی مفید آراء کو ڈائرکٹری میں شامل کیا گیا ہے جسکی وجہ سے ڈائرکٹری میں چار چاند لگ گئے۔ دور حاضر میں عوام الناس کو علماء مشائخ اور دانشوروں سے اکتساب فیض حاصل کرنے کے لیے کسی بھی علماء مشائخ سے راست رابطہ کے لیے انکے نام پتے موبائل فون نمبرس پر مبنی ایک ڈائرکٹری کی دوسری مرتبہ اشاعت عمل میں آئی ہے اس ڈائرکٹری کی اشاعت اول کے موقع پر حویلی قدیم دیوان صاحب درگاہ اجمیر شریف میں 2010 عیسوی میں تقریب رسم اجراء انجام دیا گیا تھا جو ملک بھر میں کافی مقبول عام ہوئی اب دوسرے اڈیشن کی اشاعت پر درگاہ بندہ نوازؒ کی سرزمین پر تقریب رسم اجراء انجام دیا گیا اس ڈائرکٹری میں علماء مشائخ حضرات کے علاوہ قائدین ملت، چند اردو اخبارات، منتخب چند قراء، نعت خواں حضرات، شعرائے کرام، چند منتخب دینی مدارس، دینی وملی تنظیموں کے فون نمبرس شامل اشاعت کیا گیا ہے۔ اگر کوئی اغلاط پائے جائیں تو معذرت خواہ ہوں معذرت خواہ ہیں۔ ڈائرکٹری میں علماء مشائخ وغیرہ کے نام حروف تہجی کے لحاظ سے رکھا گیا ہے آخر میں قاضی صوفی قادر پاشاہ نے حضرت سجادہ نشین صاحب گلبرگہ شریف کا بہت شکریہ ادا کیا کہ اپنی ناسازی مزاج کے باوجود اس ڈائرکٹری کے رسم اجراء کی ہماری درخواست کو قبول کرکے رسم اجراء انجام دیا اسی تقریب رسم اجراء کے موقع پر مرتب ڈائرکٹری قاضی صوفی شاہ محمد عبدالرافع صوفی پاشاہ اور مولانا حافظ و قاری قاضی قاسم شریف صاحب مولوی جامعہ نظامیہ امام وخطیب احاطے درگاہ حضرت میر محمود اولیاء مسجد ابوبکر صدیق، جناب عفان قادری سکریٹری مہر آرگنائزیشن، محمد فراز الدین وغیرہ موجود تھے۔

بی آر ایس کا وجود خطرہ میں، سیاسی وفاداریوں کی تبدیلی کا دور جاری!

عام انتخابات کے بعد تلنگانہ کا سیاسی منظر نامہ تبدیل۔ بی جے پی قائدین بھی متحرک

حیدرآباد، 24 / جون۔ (ایس این بی) تلنگانہ کی سیاست دلچسپ موڑ اختیار کرتی جارہی ہے۔ پہلے ریاست میں کانگریس کا مقابلہ بی آر ایس سے ہوا کرتا تھا حالیہ پارلیمنٹ انتخابات کے بعد ریاست کا سیاسی منظر نامہ بدل گیا ہے اور اب کانگریس بمقابلہ بی جے پی اور ٹی ڈی پی میں تبدیل ہوتا جارہا ہے۔ جہاں کانگریس خاموشی سے اپنا ’آپریشن آکرش‘ چلا رہی ہے، وہیں بی جے پی اور ٹی ڈی پی اپنے مشترکہ ’آپریشن آکرش‘ کے شروع کرتے ہوئے کانگریس سے پیچھے نہیں ہے۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ تینوں جماعتیں بی آر ایس کو نشانہ بنارہی ہیں۔ کانگریس، بی آر ایس کے اراکین اسمبلی کو اپنی پارٹی میں لانے کی کوشش کررہی ہے اور بی آر ایس اراکین اسمبلی کے ساتھ انفرادی طور پر معاملہ کررہی ہے۔ بی آر ایس کے کچھ اراکین اسمبلی بھی اپنے طور پر کانگریس میں شامل ہونے میں دلچسپی ظاہر کررہے ہیں۔ کانگریس کے کچھ سرکردہ رہنما بھی بی آر ایس اراکین اسمبلی سے ملاقاتیں کررہے ہیں تاکہ انہیں کانگریس پارٹی میں شامل ہونے کی ترغیب دے سکیں۔ کانگریس کی حکمت عملی یہ ہے کہ بی آر ایس ارکان اسمبلی کو مطلوبہ تعداد تک پہنچنے کے بعد پارٹی کو کانگریس میں ضم کردیا جائے۔ دوسری طرف بی جے پی نے بھی ٹی ڈی پی کی مدد سے اپنا ’آپریشن آکرش‘ شروع کیا ہے۔ تلنگانہ بی جے پی قائدین کے بی آر ایس اراکین اسمبلی وکونسل کیساتھ قریبی تعلقات نہیں ہیں تاہم، ٹی ڈی پی قائدین کے کچھ بی آر ایس اراکین اسمبلی وکونسل کیساتھ قریبی روابط ہیں کیونکہ وہ پہلے ٹی ڈی پی میں ان کے ساتھی رہے ہیں۔ بی جے پی، تلنگانہ کی سیاست میں دوسرے نمبر پر قبضہ کرنے کی کوشش کررہی ہے اور تلگو دیشم تلنگانہ میں اپنے آپ کو زندہ کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ جہاں تلنگانہ میں ٹی ڈی پی کا وجود تقریباً صفر ہے۔ اگرچہ کچھ بی آر ایس اراکین اسمبلی اب بھی ٹی ڈی پی کے لیے نرم گوشہ رکھتے ہیں۔ تاہم اس میں شامل ہونے کو تیار نہیں ہیں کیونکہ وہ اپنے مستقبل کے بارے میں فکرمند ہیں۔ بی جے پی اور ٹی ڈی پی کے مشترکہ آپریشن آکرش کا مقصد بی آر ایس اراکین اسمبلی کو کانگریس میں شامل ہونے سے روکنا اور انہیں بی جے پی یا ٹی ڈی پی میں شامل کرانا ہے۔ ٹی ڈی پی قائدین بی آر ایس اراکین اسمبلی کو بی جے پی میں شامل ہونے کیلئے راضی کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ چونکہ بی آر ایس اراکین اسمبلی کو تلنگانہ ٹی ڈی پی پر اعتماد نہیں ہے اس لیے وہ بی آر ایس ایم ایل ایز کو یہ بتاتے ہوئے ذہن سازی کررہے ہیں کہ بی آر ایس دن بدن کمزور ہورہی ہے اور اس پارٹی میں ان کا کوئی مستقبل نہیں ہے۔ بی جے پی تلنگانہ میں مضبوط ہو رہی ہے اور آئندہ اسمبلی انتخابات تک وہ کانگریس کو چیلنج کرسکتی ہے۔ کچھ بی آر ایس ایم ایل اے جو کاروبار میں ہیں، مرکزی تفتیشی ایجنسیوں جیسے ای ڈی، سی بی آئی اور آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کے چھاپوں سے بچنے کیلئے بی جے پی کی طرف جھکاؤ رکھتے ہیں۔ انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ (ای ڈی) نے حال ہی میں بی آر ایس ایم ایل اے جی مہیپال ریڈی کے اداروں پر چھاپہ مارا تھا۔ سیاسی مبصرین کا خیال ہے کہ بی جے پی اس طرح کے چھاپوں کے ذریعے کاروبار چلانے والے بی آر ایس ایم ایل اے کو خوفزدہ کرنے کی کوشش کررہی ہے۔